فرزندِ فاطمة کا بھرا گھر اُجڑ گیا

ایك بے کسو غریب کا کُنبہ اُجڑ گیا
گودي اُجڑ گئي کوئي جھولا اُجڑ گیا
اے ارضِ کربلا تیري گودي اُن کر
فرزندِ فاطمة کا بھرا گھر اُجڑ گیا

پاني مِلا نہ فاطمة کے نورِ عین کو
دریا ترس کے رہ گیا ھائے حسین کو

بچّے عطش سے ماھئیے بے اٰب مر گئے
اٰخِر تڑپ کے موت کي گودي میں سو گئے

گودي میں کِھلتا ھوا بچّا حسین کا
تین دن کي بھوك پیاس سے مرجھا کے رِہ گیا

سوکھي زُبان دیکھانے پہ ایك حشر ھو گیا
ایك تیر اٰیا حلق چھیدا دم نِکل گیا

شانے کٹا کے حق کي ترائي ميں سو گيا
غازي کا جِسم گھوڑو سے پامال ھو گيا
کيا موت تھي خدا کي قسم دل دھل گيا
دو ھچکيو ميں موت کا سامان ھو گيا

عبّاس جِس کے دم سے تھا سرور کو اطمنان
تھي جِس کے دم سے فوجِ حسيني کي 'ان بان
اے ارضِ کربلا تيري گودي 'ان کر
فرزندِ فاطمة کا بھرا گھر اُجڑ گيا

*****